ilmkidunya
علم کی دنیا

# Psychology - FA Part 1 Psychology Urdu Medium Chapter 7 Short Questions Test

Q1. کیٹل کا ظاہری اور بنیادہ اوصاف کا نظریہ شخصیت تحریر کریں.

**Ans 1:** کیٹل کا ظاہری اور بنیادی اوصاف کا نظریہ شخصیت کسی ترکیبی قانون کے بغیر مختلف پیمانوں پر ایک فرد کی وصفی حیثیت کو بیان کرتاہے.اگر ہم عام اوصاف کی فہرست میں سے اہم اوصاف منتخب کرنے میں کامیاب ہو جائیں تو ہم ایک نفسی گراف یا اوصاف کے خاکہ میں ایک فرد کی شخصیت نگاری کر سکتے ہیں.

---

Q2. علم کا سئہ سر کی تقسیم کا نظریہ شخصیت بیان کریں.

**Ans 1:** علم کا سئہ سر کی تقسیم کے نظریہ کی رو سے کاسیہ سر کھوپڑی کے ابھاریا یا ابھرے ہوئی ہر ایک علاقہ کو کسی خاص استعداد کی علامت سمجھا گیا اور سر کی ساخت کی مناسبت سے شخصیت کا مطالعہ کیا گیا ہے.

---

Q3. جسنی درجہ کی نوعیت بیان کریں.

**Ans 1:** جنسی درجی کی وسعت تین سے پانچ یا چھ سال تک ہے،اس عرصہ کے دوران بچے کی حیاتی لذت ،ایسے جنسی عضو کو پکڑنے پر مذکور ہوتی ہے.

---

Q4. قوت کے محرک کا مفہوم تحریر کریں.

**Ans 1:** قوت کے محرک کے تحت دوسروں پر حکمرانی کی جاتی ہے،اس محرک کے تحت افراد دوسرے افراد اور اقوام کو محکوم بنا لیتے ہیں.طاقت کا محرک انفرادی اور اجتماعی طور پر دونوں صورتوں میں مختلف اقوام میں دیکھا جا سکتا ہے،انسانی زبوں حالی ،سماجی اضطراب ،جنگ و جدل اور قتل و غارت اسی محرک کی وجہ سے ہیں،لاکھوں انان قوت کے محرک کے نتیجے میں لقمہ اجل بن گئے.

---

Q5. تناسلی دور کی وضاحت کریں.

**Ans 1:** تناسی دور نشونما کا آخری دور ہے.اس میں بچہ بالغ ہو جاتا ہے اور لذت کا مرکز جنسی صحبت بن جاتی ہے ،Dependency کے احساسات اور ایڈی پس کے احساسات جواب تک خفتہ تھے بیدار ہو جاتے ہیں.ایڈی کمپلیکس کے تحت لڑکا اپنے باپ کو رقیب سمجھنے لگتا ہے اور لڑکی الیکٹر کمپلیکس کے تحت ماں کو اپنا رقیب سمجھنے لگتی ہے.

---

Q6. فرائڈکا پیش کردہ id کا تصور بیان کریں،.

**Ans 1:** فرائڈ کے مطابق لاذات id ہے جو لذت پسندی کے تحت کام کرتی ہے،لاذات اصول لذت پسندی کے تحت کام کرتی ہے.اس کے مطابق ایک نوائیذہ بچے کےپاس صرف لاذات ہوتی ہے،لاشعوری ہے،.

---

Q7. شخصیت کی تعریف کریں.

**Ans 1:** شخسیت ایسے مستقل مستحکم اور قابل اعتبار اوصاف کا مجموعہ ہے جو خارجہ اور داخلی مہیجات کے جواب میں کردارکی عمومی کیفیت میں ظاہر ہوتا ہے.

---

Q8. لیوس ٹرمن نے ذہانت کی کیا تعریف کی ہے؟

**Ans 1:** لیوس ٹرمن کے نزدیک ذہانت تجریدی تفکر کرنے کی تابلیت ہے.

Q9. ؟ دوروں بین اور بروں بین شخصیت میںکیا فرق ہے

**Ans 1:** دروں بین شخصیحالات کے تقاضوں کے مطابق اپنے مسائل اور ضروریات کو پورا کرنے کے لیے نہ صرف ذاتی طور پر غور فکر کرتا ہے بلکہ عملی طور پر خارجی دنیا میں فعال حصہ لیتا ہے اپنی سوچوں میں وہ دوسروں کو شریک کرتا ہے اور دوسروں کی سوچ سے متاثر ہوتا ہے جبکہ برون بین شخص صرف سماجیت پسند ،فعال معاون و مددگار اور دوستانہ رویے کا حامل ہوتا ہے

Q10. ؟ ایم ایم پی آئی ی پیمائش سے کیا مراد ہے

**Ans 1:** ایم ایم پی آئی شخصیت کی معروضی آزمائش ہے،جس میں نفسی طبی تفتیش کی معیار سازی کے لیے ایک ہزار سے زیادہ سوالات پر مشتمل ایک سوالنامہ بنایا اور ،یہ سوالنامہ ذہنی مریضوں اور صحت مند لوگوں سے پر کروایا